عام انداز کے مطابق اُردو زبان و ادب کے مختلف پہلوؤں کا تحقیقی مطالعہ پیش کرتا ہے۔ اس شمارے میں مولانا الطاف حسین حالی، اکبر الٰہ آبادی، سرسید اور اقبال کے چند غیر مطبوعہ خطوط بھی شامل ہیں۔

مطبوعات فرینڈز پبلیکیشنز ملتان فرینڈز پبلیکیشنز ملتان کی مندرجہ ذیل مطبوعات ہمیں برائے تبصرہ موصول ہوئی ہیں۔

احکام رب ذوالجلال مرتبہ: جناب مولانا خان محمد ربانی صاحب قیمت: ایک روپیہ پچاس پیسے۔ یہ قرآن مجید کی ۱۲۷ آیات کا ایک اچھا انتخاب ہے جسے مرتب کرتے وقت یہ خیال پیش نظر رکھا گیا ہے کہ تمام بنیادی اور اہم احکام سے متعلق آیات سلیس ترجمہ کے ساتھ یکجا جمع کر دی جائیں۔ آخر میں ایک انڈکس بھی شامل کیا گیا ہے

کثرت آبادی کا علاج: تلاش وسائل یا نسل کشی مُصنّف: نعیم صدیقی۔ ضخامت: ۳۲ صفحات۔ قیمت: ۲۵ پیسے۔ یہ دراصل نعیم صدیقی صاحب کا ایک مقالہ ہے جسے پمفلٹ کی شکل میں طبع کیا گیا ہے۔ نعیم صاحب نے اس مقالے میں خاندانی منصوبہ بندی کی تحریک پر اپنے مخصوص انداز میں خیال انگیز تنقید کی ہے اور بعض اہم نکات اٹھائے ہیں۔

مصر میں اسلام اور اشتراکیت کی کشمکش مرتب: جناب خلیل حامدی صاحب ضخامت: ۶۴ صفحات قیمت: ۵۰ پیسے۔ اس مختصر کتابچے میں خلیل حامدی صاحب نے مصر میں اس کشمکش کا جائزہ لیا ہے جو اسلام اور اشتراکی اثر و نفوذ کے درمیان ایک عرصے سے چل رہی ہے۔ چونکہ اسلام پسند عناصر کی سب سے بڑی اور سب سے زیادہ اہم تنظیم اخوان ہیں اس لیے اس پمفلٹ میں اخوان ہی کے حوالے سے اس کشمکش کا جائزہ لیا گیا ہے۔